1024 (جماعت دہم) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کیجئے۔ رول نمبر:..........

سیکنڈری پارٹ II سیشن 24-2020-22 to 2022 گروپ پہلا SGD-1-24 دستخط امیدوار:..........

اردو لازمی (معروضی) وقت: 20 منٹ کل نمبر 15 PAPER CODE 3021

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کرکے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | پرستان میں پھل دار پودے بڑے تھے۔ | بالشت بھر | چھے فٹ | ایک ایک فٹ | گز بھر |
| .2 | سبق "مرزا محمد سعید" کس ادیب کی تحریر ہے؟ | نذیر احمد دہلوی | شاہد احمد دہلوی | اشرف صبوحی | مولوی عبدالحق |
| .3 | سبق "نظریہ پاکستان" میں مصنف نے دنیا میں قومیت کی تشکیل کی کتنی بنیادیں بتائی ہیں؟ | ایک | دو | چار | آٹھ |
| .4 | 1857ء کی جنگ آزادی کے بعد توجہ تیز ہوگئی۔ | غزلوں کی طرف | نظموں کی طرف | مرثیے کی طرف | شہر آشوب کی طرف |
| .5 | سبق "مُلَمَّع" اصنافِ ادب کے لحاظ سے کیا ہے؟ | داستان | مضمون | افسانہ | ناول |
| .6 | سبق "نام دیومالی" میں مصنف نے انسان کی فطری کمزوری کی بنا پر اسے کہا ہے؟ | کاہل اور نکما | نکما اور کام چور | کاہل اور کام چور | دلیر مگر سست |
| .7 | سبق "علی بخش" کس کتاب سے لیا گیا ہے؟ | شہاب نامہ | نفسانے | ماں جی | یا خدا |
| .8 | نظم کے لغوی معنی ہیں۔ | عورتوں سے باتیں کرنا | حسن و عشق کی باتیں کرنا | دل کی بات کرنا | تنظیم و ترتیب |
| .9 | نظم "اونٹ کی شادی" میں "کھلانا" کا مطلب ہے۔ | پھول کھلنا | عجیب و غریب کام کرنا | نئی بات کہنا | انکشاف کرنا |
| .10 | ادا جعفری کا اصل نام تھا۔ | نور جہاں | انم جہاں | صنم جہاں | عزیز جہاں |
| .11 | سر میں سودا بھی نہیں، دل میں تمنا بھی نہیں<br>لیکن اس ترک محبت کا بھروسا بھی نہیں<br>مندرجہ بالا شعر قواعد کے لحاظ سے ہے۔ | غزل کا پہلا شعر | غزل کا آخری شعر | مطلع | مقطع |
| .12 | "ابن خطابؓ" گرائمر کی رو سے ہے۔ | کُنیت | تخلص | لقب | خطاب |
| .13 | ایسا فعل جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا موجودہ اور آئندہ زمانے میں معلوم ہو کہلاتا ہے۔ | فعل امر | فعل لازم | فعل مضارع | فعل معروف |
| .14 | درست تلفظ کی نشاندہی کیجئے۔ | تَعَاوُن | تُعَاوُن | تَعَاوِن | تُعَاوَن |
| .15 | درست تلفظ کی نشاندہی کیجئے۔ | اِعتِبَار | اِعتِبُار | اَعتَبَار | اِعتَبَار |

www.pakcity.org

وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں

1024 (جماعت دہم) سیکنڈری پارٹ II، سیشن 24-2022 to 22- 2020

اردو لازمی (انشائیہ) گروپ پہلا وقت: 2:10 گھنٹے کل نمبر: 60

SGD-1-24

حصہ ---------- اول

سوال نمبر 2۔ کوئی سے پانچ اشعار کی تشریح کیجیے۔ تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے۔ (10 نمبر)

حصہ ---------- نظم

(i) وہی خالق ہے دل کا اور دِل کے نیک ارادوں کا — وہی مالک ہمارا اور ہمارے باپ دادوں کا

(ii) آس پاس اس کے جو بستے ہیں نہ ان کی پوچھیے — جس قدر ویراں ہے یہ ہیں اس قدر وہ خستہ حال

(iii) سب محنت کش گلے ملے اور ابھرا اِک پیغام — اس پیغام کو سمجھو یہ ہے قدرت کا انعام

(iv) سرنگوں رہتی ہیں جس سے قوتیں تخریب کی — جس کے بل بوتے پر لچکتی ہے کمر تہذیب کی

حصہ ---------- غزل

(v) مصیبت بھی راحت فزا ہو گئی ہے — تری آرزو رہنما ہو گئی ہے

(vi) جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور — تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ جلے ہیں

(vii) یوں تو ہنگامے اٹھاتے نہیں دیوانۂ عشق — مگر اے دوست، کچھ ایسوں کا ٹھکانا بھی نہیں

حصہ ---------- دوم

سوال نمبر 3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ (یعنی جن کے نیچے لائن لگی ہے) کے معانی بھی لکھیے۔ 10 = 5+5 نمبر

(الف) میں اپنے دل میں یہ باتیں کرتا ہوا مکان پر آیا۔ کیسا **خوش قسمت** آدمی ہے۔ کہتا ہے، میرا کوئی دوست نہیں۔ اے خوش نصیب شخص! یہیں تو تُو مجھ سے **بڑھ گیا**۔ لیکن کیا اُس کا یہ قول صحیح بھی ہے؟ یعنی کیا اصل میں اس کا کوئی دوست نہیں، جو میرے دوستوں کی طرح اُسے دن بھر میں پانچ منٹ کی بھی فرصت نہ دے۔ میں اپنے مکان پر ایک مضمون لکھنے جا رہا ہوں، مگر خبر نہیں کہ مجھے ذرا سا بھی وقت ایسا ملے گا کہ میں **تخلیے** میں اپنے خیالات جمع کر سکوں اور انھیں اطمینان سے **قلم بند** کر سکوں۔

(ب) "جب ڈاکٹر صاحب نے **دَم دیا ہے** میں اُن کے بالکل قریب تھا۔ صبح سویرے میں نے انھیں **فروٹ سالٹ** پلایا اور کہا کہ اب آپ کی طبیعت **بحال ہو جائے گی**، لیکن عین پانچ بج کر دس منٹ پر اُن کی آنکھوں میں ایک تیز تیز، نیلی نیلی سی چمک آئی اور زبان سے اللہ ہی اللہ نکلا۔ میں نے جلدی سے اُن کا سر اُٹھا کر اپنے سینے پر رکھ لیا اور انھیں **جھنجوڑنے لگا**، لیکن وہ رخصت ہو گئے تھے۔"

سوال نمبر 4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ (10 = 5×2 نمبر)

(i) مرزا غالب نے کتابوں پر کیا رائے دی؟

(ii) لڑکی نے اپنے بھائی عقیل کو ساتھ لے جانے سے کیوں انکار کیا؟

(iii) مصنف نے اپنا موازنہ فقیر سے کس طرح کیا؟

(iv) علامہ اقبال نے نرس کے لیے اشتہار دیا تو کیا نتیجہ نکلا؟

(v) "عالِم کی موت عالَم کی موت ہے" وضاحت کیجیے۔

(vi) حمد میں خالق کی کن مخلوقات کا ذکر کیا گیا ہے۔ بیان کیجیے۔

(vii) شاعر کس سڑک کو بے مثال کہہ رہا ہے اور کیوں؟

(viii) ہوش اور بے خودی کے ملنے سے دنیا کے کاروبار کیسے سنورتے ہیں؟

سوال نمبر 5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (05 نمبر)

(i) اردو ادب میں عید الفطر (ii) نام دیو مالی

سوال نمبر 6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ (15 نمبر)

(i) صنعت (ii) وقت کی پابندی (iii) تعلیم نسواں

سوال نمبر 7۔ مندرجہ ذیل عبارت غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ (10= 5×2 نمبر)

انتخابِ کتب ایک اہم مسئلہ ہے اس کے لیے اس طرح کی احتیاط اور غور و فکر کی ضرورت ہے جس طرح کہ دوستوں کے انتخاب کے لیے۔ جس طرح ایک اچھے اور نیک چال چلن کا مالک انسان اپنے دوست کو برائی سے بچا لیتا ہے اور ایک برا دوست اپنی بد کرداری کی وجہ سے دوسرے دوست کو بھی تباہ کر دیتا ہے۔ اِسی طرح اچھی کتابیں دل و دماغ اور عادات و اطوار پر اثر ڈالتی ہیں اور مخربِ اخلاق اور بے ہودہ کتابیں طبیعت کو برائی کی طرف مائل کرتی ہیں۔ اسی طرح بری کتابوں کا مطالعہ پڑھنے والے کی اخلاقی موت کا باعث بنتا ہے۔ مشاہیر زمانہ کی سوانح عمریاں سفر نامے تاریخی اور مذہبی کتب اور جدید معلومات پر لکھی ہوئی کتابوں کا مطالعہ انسان اور خصوصاً طالب علم کے لیے بہت مفید ہے اخلاقی کتابوں کے مطالعے سے اخلاق بلند ہوتا ہے۔

سوالات: (i) کتابوں کے انتخاب میں کس چیز کو مدِ نظر رکھا جاتا ہے؟ (ii) برا دوست کیا نقصان پہنچاتا ہے؟ (iii) خراب کتابیں پڑھنے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟ (iv) طالب علم کے لیے کون سی کتب مفید ہیں؟ (v) اس پیراگراف کا مناسب عنوان تجویز کریں؟



www.pakcity.org

1024 (جماعت دہم) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کیجئے۔ رول نمبر:..............

سیکنڈری پارٹ II سیشن 2020-22 to 2022-24 گروپ دوسرا دستخط امیدوار:..............

اردو لازمی (معروضی) وقت: 20 منٹ کل نمبر 15 PAPER CODE 3026

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کر کے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔ انک ریمورر یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

SGD-2-24

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | "اردو نثر کے میلانات" کس کی کتاب ہے؟ | ہاجرہ مسرور | اشرف صبوحی | شاہد احمد دہلوی | ڈاکٹر وحید قریشی |
| .2 | "اینٹ" گرامر کی رُو سے ہے۔ | اسم جامد | اسم مصدر | اسم مشتق | اسم فاعل |
| .3 | صفت مُشبّہ کی مثال ہے۔ | بخیل | جیالا | عربی | عالمانہ |
| .4 | "آزمودہ" کس زبان کا اسم مفعول سماعی ہے؟ | انگریزی | ترکی | عربی | فارسی |
| .5 | درست اعراب کی نشاندہی کیجئے۔ | مُتَحِدَہ | بِتَحِدَہ | مُتّحِدَہ | مُتَحِدہ |
| .6 | محمود نظامی کے مقالے کے بعد مرزا محمد سعید پر کس نے تنقید کی؟ | ڈاکٹر تاثیر | فیض احمد فیض | پطرس بخاری | حمید احمد خاں |
| .7 | ادا جعفری کی غزل کے پہلے شعر میں "چلے" کو کہیں گے۔ | مطلع | ردیف | مقطع | قافیہ |
| .8 | سڑک پر شغال کے چیخنے سے واضح ہوتی ہے؟ | ویرانی | آمدورفت | خوشی | بے دلی |
| .9 | اردو میں قید آزادی کسے کہتے ہیں؟ | قید بامشقت کو | شادی خانہ آبادی کو | جرم کی کمی کو | آزادی کے خاتمے کو |
| .10 | درست اعراب کی نشاندہی کیجئے۔ | سَوَال | سُوَال | سِوَال | سُوَاُل |
| .11 | اکبر کے دور میں دین کی سربلندی کے لیے کس نے سختیاں جھیلیں؟ | مجدد الف ثانی | شاہ ولی اللہ | سید احمد بریلوی | شاہ اسمٰعیل شہید |
| .12 | سیدانی بی کے پاس کتنے نگینے باقی رہ گئے؟ | دو | چار | چھ | آٹھ |
| .13 | شاکر صاحب مصنف کو لے گئے۔ | سلیم پور | دِلّی | جے پور | شاہ پور |
| .14 | سجاد حیدر یلدرم نے کس شہر میں وفات پائی؟ | کراچی | قسطنطنیہ | لاہور | لکھنؤ |
| .15 | 1857ء کی جنگِ آزادی کے بعد کس طرف توجہ تیز ہوگئی؟ | غزلوں کی طرف | قصیدوں کی طرف | نظموں کی طرف | مرثیوں کی طرف |

www.pakcity.org

وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں

1024 (جماعت دہم) سیکنڈری پارٹ II، سیشن 24-2022 to 22- 2020

اردو لازمی (انشائیہ) گروپ دوسرا وقت: 2:10 گھنٹے کل نمبر: 60

SGD-2-24

## حصہ ........... اول

سوال نمبر 2۔ کوئی سے پانچ اشعار کی تشریح کیجیے۔ تین اشعار حصہ نظم میں سے اور دو اشعار حصہ غزل میں سے منتخب کیجیے۔ (10 نمبر)

### حصہ ........... نظم

(i) خود نہر علقمہ کے بھی سوکھے ہوئے تھے لب
خیمے جو تھے حبابوں کے، تپتے تھے سب کے سب

(ii) گرمی یہ تھی کہ زیست سے دل سب کے سرد تھے
پتے بھی مثلِ چہرۂ مدقوق زرد تھے

(iii) سرنگوں رہتی ہیں جس سے قوتیں تخریب کی
جس کے بُوتے پر لچکتی ہے کمر تہذیب کی

(iv) مینہ برس جائے تو چل سکتی ہیں اس پر کشتیاں
ڈوب جانے کا بھی ہو جاتا ہے اکثر احتمال

### حصہ ........... غزل

(v) میں درماندہ اس بارگاہِ عطا کا
گُنہ گار ہوں، ایک خطا ہو گئی ہے

(vi) آج غفلت بھی ان آنکھوں میں ہے پہلے سے سوا
آج ہی خاطرِ بیمار شکیبا بھی نہیں

(vii) تھے کتنے ستارے کہ سرِ شام ہی ڈوبے
ہنگامِ سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں

## حصہ ........... دوم

سوال نمبر 3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ (یعنی جن کے نیچے لائن لگی ہے) کے معانی بھی لکھیے۔ 5+5 = 10 نمبر

(الف) اتنے میں کھانوں کے **خوان** اُترنے لگے۔ خاصہ چنا گیا، کھانا کیا تھا، اللہ کی قدرت کا **کرشمہ**۔ ایک ایک **بالشت** کے پودے پھلوں، پھولوں سے لدے ہوئے سامنے تھے۔ خوشبو کی لپٹیں آ رہی تھیں، مگر میں کھاتی کیا؟ نہ کسی قسم کی روٹی تھی نہ سالن، نہ پلاؤ تھا نہ زردہ۔ **ہکا بکا** ایک ایک کا منہ دیکھ رہی تھی کہ بادشاہ بیگم مسکرا کر بولیں سیدانی بی! دیکھتی کیا ہو، کھاتی کیوں نہیں۔

(ب) نہ کاغذ ہے، نہ ٹکٹ ہے۔ اگلے لفافوں میں سے ایک **بیرنگ** لفافہ پڑا ہے۔ کتاب میں کا کاغذ **پھاڑ کر** تم کو خط لکھتا ہوں اور بیرنگ لفافے میں لپیٹ کر بھیجتا ہوں۔ **غمگین** نہ ہونا۔ کل شام کو کچھ فتوح کہیں سے پہنچ گئی ہے۔ آج سے کاغذ اور ٹکٹ منگالوں گا۔ **سہ شنبہ** ۸۔ نومبر صبح کا وقت ہے۔ جس کو عوام بڑی فجر کہتے ہیں۔

سوال نمبر 4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ (2×5 = 10 نمبر)

(i) "خطوط کا جواب عموماً ہم روزہ دیتا ہوں" اس سے کیا مراد ہے؟
(ii) حضرت ابو ایوب انصاریؓ کی شخصیت میں کون سی تین چیزیں نمایاں تھیں؟
(iii) نام دیو کی موت کیسے ہوئی تھی؟
(iv) لڑکی سفر کیوں کر رہی تھی؟
(v) چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لبِ لُباب کیا تھا؟
(vi) نعت کے آخری شعر میں خضر سے کون سی ہستی مراد ہے؟
(vii) شاعر میر انیس کا اصل نام کیا تھا؟
(viii) فراق گورکھپوری کی شامل نصاب غزل ان کے کس مجموعے سے لی گئی ہے

سوال نمبر 5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (05 نمبر)

(i) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (ii) علی بخش

سوال نمبر 6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ (15 نمبر)

(i) قائد اعظمؒ (ii) ماں باپ کے ساتھ سلوک (iii) طالب علم کے فرائض

سوال نمبر 7۔ مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10 نمبر)

اقبالؒ کی انفرادیت یہ ہے کہ وہ ایک باعمل شاعر تھے۔ اُنہوں نے شعر کے ذریعے اسلامی تعلیمات، حسن اخلاق، خودی، فقر، درویشی اور مغرب سے بیزاری کی تلقین کی اور اپنے عمل کے ذریعے اس کا ثبوت مہیا کیا۔ اُنہوں نے مسلمانوں کی سیاسی جدوجہد میں اپنی ہمت اور طاقت کے مطابق شرکت کی۔ گول میز کانفرنس میں شرکت کے لیے یورپ کا سفر کیا۔ اسلامی کانفرنس میں شرکت کے لیے فلسطین گئے۔ نیز اسلامی افکار اور فلسفہ کی اشاعت کے لیے ہندوستان کے مختلف علاقوں دہلی، حیدر آباد، دکن، مدراس اور بنگلور وغیرہ کے دورے کیے۔ مسلمانوں کے اصرار پر پنجاب اسمبلی میں مسلمانوں کے حقوق کے لیے انتخابات میں حصہ لیا اور تین سال تک اسمبلی میں مسلمانوں کے حقوق کی جنگ لڑی۔ حتیٰ کہ اسلام کے نفاذ کے لیے ایک الگ خطۂ زمین کے حصول کی راہ دکھائی۔ پوری دنیا کے مسلمانوں کو آزادی اور تعمیر نو کا ولولہ تازہ عطا کیا۔

سوالات:
(i) اقبالؒ کی انفرادیت کیا ہے؟
(ii) علامہ اقبالؒ نے اپنی انفرادیت کا ثبوت کیسے دیا ہے؟
(iii) اقبالؒ نے ہندوستان کے مختلف علاقوں کا دورہ کیوں کیا؟
(iv) اقبالؒ نے پنجاب اسمبلی کے انتخابات میں حصہ کیوں لیا؟
(v) اس عبارت کا موزوں عنوان تحریر کیجیے۔



www.pakcity.org

1023 (جماعت دہم) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کیجئے۔ رول نمبر:............

سیکنڈری پارٹ II سیشن 23-2021 to 21- 2019 گروپ پہلا SGD-1-23 دستخط امیدوار:............

**PAPER CODE 3027**

اردو لازمی (معروضی) وقت: 20 منٹ کل نمبر 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات D اور C، B، A دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کر کے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔ انک ریمور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | "شریف آدمی" گرامر کی رو سے کیا ہے؟ | مرکب توصیفی | مرکب عطفی | مرکب جاری | مرکب عددی |
| 2. | اسم علم کی کتنی اقسام ہیں؟ | چار | پانچ | تین | چھ |
| 3. | جو نام پیار یا حقارت کی وجہ سے پکارا جائے کہلاتا ہے۔ | عرف | کنیت | تخلص | لقب |
| 4. | اللہ تعالیٰ نے یہ عالم بھر دیا ہے؟ | مخلوقات سے | رنگ و بو سے | جمادات و نباتات سے | ان سب سے |
| 5. | پاکستانی بچے ایک دن قیام کریں گے | راستے میں | منزل پر | دشت میں | گھر میں |
| 6. | روح کو محبت کا مزا کب ملتا ہے؟ | دل کی ہمسائیگی سے | ہجر و فراق میں | وصال میں | تنہائی اور یکسوئی میں |
| 7. | "بہت کچھ لکھنا چاہتا تھا لیکن تھک گیا" رشید صدیقی نے یہ جملہ کس کے نام لکھا | ظہیر احمد صدیقی | سید بشیر الدین | ڈاکٹر محمد حسن | مولانا ضیاء الدین |
| 8. | "دستنبو" کس مشہور شاعر کی کتاب ہے؟ | حالی | فراق گورکھپوری | مرزا غالب | علامہ اقبال |
| 9. | سبق "علی بخش" کس کتاب سے لیا گیا ہے؟ | نفسانے | شہاب نامہ | ماں جی | یا خدا |
| 10. | "غبار خاطر" کس کے خطوط کا مجموعہ ہے؟ | مرزا غالب | مولانا ابوالکلام | حالی | سر سید احمد خان |
| 11. | مرزا محمد سعید کی عزیز داری کس شخصیت سے تھی؟ | شیخ عبدالقادر | شاہد احمد دہلوی | سر سید احمد خان | ڈپٹی نذیر احمد |
| 12. | مصنف جس کمرے میں ٹھہرائے گئے اس کی کھڑکی کھلتی تھی | پائیں باغ میں | باغ میں | دریا کی سمت | بازار کی طرف |
| 13. | چغل خور کون سا کام جانتا تھا؟ | کھیتی باڑی کا | لکڑی کا | معماری کا | لوہے کا |
| 14. | درست تلفظ کی نشان دہی کریں۔ | مُشقّت | مَشقَت | مَشقّت | مِشقّت |
| 15. | درست اعراب کی نشان دہی کریں۔ | مُفصَل | مِفصَل | مُفصَّل | مُفَصَّل |

www.pakcity.org

وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں

1023 (جماعت دہم) سیکنڈری پارٹ II، سیشن 23-2021 to 21-2019

اردو لازمی (انشائیہ) گروپ پہلا وقت: 2:10 گھنٹے کل نمبر:60

SGD-1-23

حصہ ــــــــــ اول

(10 نمبر)

سوال نمبر 2۔ کوئی سے پانچ اشعار کی تشریح کیجیے۔ تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے۔

حصہ ــــــــــ نظم

(i) بجھے گا نہ جس کا چراغِ محبت — وہ پیغمبر ذی وقار آ گیا ہے

(ii) جن کی تابانی میں اندازِ کہن بھی، نو بھی ہے — اور تیرے کوکبِ تقدیر کا پرتو بھی ہے

(iii) جھیل گئے دکھ جھیلنے والے، اب ہے کام ہمارا — ایک رہیں گے، ایک رہے گا، ایک ہے نام ہمارا

(iv) اس پہ جانے کا بھی ہوتا ہے جس کو اتفاق — اس کے لوٹ آنے کا پیدا ہی نہیں ہوتا سوال

حصہ ــــــــــ غزل

(v) مِل کے بھی جو کبھی نہیں مِلتا — ٹوٹ کر دل، اُسی سے مِلتا ہے

(vi) تھے کتنے ستارے کہ سرِ شام ہی ڈوبے — ہنگامِ سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں

(vii) رنگ وہ فصلِ خزاں میں ہے کہ جس سے بڑھ کر — شانِ رنگینیِ حُسنِ چمن آرا بھی نہیں

حصہ ــــــــــ دوم

5+5 = 10 نمبر

سوال نمبر 3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ (یعنی جن کے نیچے لائن لگی ہے) کے معانی بھی لکھیے۔

(الف) نظریہ پاکستان کا مطلب پاکستان کو ایک اِسلامی اور فلاحی مملکت بنانا ہے۔ ہمیں کوئی ایسا قدم نہیں اُٹھانا چاہیے جس کی وجہ سے خدا اور اُس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے شرمندہ ہونا پڑے۔ ہمارا جینا اور مرنا پاکستان کے لیے ہونا چاہیے۔ قومی مفاد کے سامنے ذاتی مفاد کو دل سے نکال دینا چاہیے۔ ہر قسم کی گروہ بندی سے بالاتر ہو کر تمام پاکستانیوں کی فلاح و بہبود کی کوشش کرنا نظریہ پاکستان کو فروغ دینا ہے۔

(ب) میرا خیال ہے کہ مرحوم سے شاید ہی کبھی کسی شخص کو تکلیف پہنچی ہو۔ شریف شخص کی یہ صفت سب سے معتبر مانی گئی ہے۔ اُردو، فارسی اور عربی ادبیات پر مرحوم کی نظر بڑی گہری، وسیع اور متنوع تھی جس کے ہم سب معترف رہے اور اس سے استفادہ کیا۔ ناملائم الفاظ کبھی زبان پر نہیں لائے۔ بڑے شوق اور سنجیدگی سے علمی مسائل پر اظہارِ خیال فرماتے

(2×5 = 10 نمبر)

سوال نمبر 4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔

(i) مولانا حسرت موہانی کون سا ادبی رسالہ نکالتے رہے اور ان کی کسی ایک کتاب کا نام تحریر کریں۔

(ii) ردیف کی تعریف کریں اور ایک مثال دیں۔

(iii) نظم "فاطمہ بنت عبد اللہ" کس شاعر کی تخلیق ہے اور یہ شاعر کے کس مجموعۂ کلام سے لی گئی ہے۔

(iv) رشید احمد صدیقی نے خطوط کس شہر سے بھجوائے اور پہلا خط کا مخاطب کون ہے؟

(v) مرزا غالب نے بیرنگ خط کس کو لکھا اور کیوں بیرنگ بھیجا۔

(vi) سلطان محمد فاتح نے کب اور کس شہر کو فتح کیا؟

(vii) علی بخش کو کتنی زمین الاٹ ہوئی اور کہاں ہوئی؟

(viii) لڑکی جس ڈبے میں سوار ہوئی؟ اس کا ماحول کیسا تھا؟

(05 نمبر)

سوال نمبر 5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔

(i) پرستان کی شہزادی (ii) چُغل خور

(15 نمبر)

سوال نمبر 6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔

(i) حُبِ وطن (ii) زم۔۔۔زم (iii) سیلاب

(2×5 =10 نمبر)

سوال نمبر 7۔ مندرجہ ذیل عبارت غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔

ہم عصروں اور ہم چشموں کی رقابت پُرانی چیز ہے اور ہمیشہ سے چلی آ رہی ہے۔ جہاں تک مجھے اُن سے گفتگو کا موقع ملا اور بعض اوقات چھیڑ چھیڑ کر اور کرید کرید کر دیکھا اور ان کی تحریروں کے پڑھنے کا اتفاق ہوا، مولانا اس عیب سے بری معلوم ہوتے ہیں۔ محمد حسین آزاد نے مولانا شبلی کی کتابوں پر کیسے اچھے تبصرے لکھے ہیں اور جو باتیں قابلِ تعریف تھیں اُن کی دل کھول کر داد دی ہے۔ مگر ان بزرگوں میں سے کسی نے مولانا کی کسی کتاب کے متعلق کچھ نہیں لکھا۔ لاہور میں کرنل ہالرائیڈ کی زیرِ ہدایت جو جدید رنگ کے مشاعرے ہوئے، ان میں آزاد اور حالی دونوں نے طبع آزمائی کی۔ "برکھا رت"، "حبِ وطن"، "نشاطِ اُمید" اسی زمانے کی نظمیں ہیں۔ آزاد اپنے رنگ میں بے مثل نثار ہیں، مگر شعر کے کوچے میں اُن کا قدم نہیں اُٹھتا۔ لیکن مولانا کی انصاف پسندی ملاحظہ کیجیے کہ کیسے صاف لفظوں میں اس نئی تحریک کا سہرا آزاد کے سر باندھا ہے

سوالات: (i) اس عبارت میں مولانا سے کون مُراد ہیں؟ (ii) مولانا کس عیب سے بری تھے؟ (iii) جدید رنگ کے مشاعروں میں کس قسم کی نظمیں پڑھی جاتی تھیں؟ (iv) نثّار کے معنی لکھیے؟ (v) تبصرہ کسے کہتے ہیں؟

1014 - 1023 - 60000

www.pakcity.org

SGD-2-23

1023 (جماعت دہم) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کیجئے۔ رول نمبر:..............

سیکنڈری پارٹ II سیشن 23-2021 to 21-2019 گروپ دوسرا دستخط امیدوار:..............

اردو لازمی (معروضی) وقت: 20 منٹ کل نمبر 15 PAPER CODE 3028

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کر کے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔ انک ریمورر یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | نظم "حمد" کس شاعر کی تخلیق ہے؟ | احسان دانش | جمیل الدین عالی | حفیظ جالندھری | جوش ملیح آبادی |
| .2 | اردو میں قیدِ آزادی کسے کہتے ہیں؟ | قیدِ بامشقت کو | شادی خانہ آبادی کو | جرم کی سزا کو | آزادی کے خاتمے کو |
| .3 | شاعر کو محبوب کی یاد کب سے نہیں آئی؟ | ایک ماہ سے | ایک سال سے | ایک مدت سے | ایک عرصے سے |
| .4 | "مسواک" گرائمر کے لحاظ سے کیا ہے؟ | اسم صوت | اسم ظرف | اسم موصول | اسم آلہ |
| .5 | فعل ماضی کی اقسام ہیں۔ | چار | چھ | تین | دو |
| .6 | "یہ مسجد" گرائمر کی رُو سے ہے۔ | مرکب جاری | مرکب تام | مرکب توصیفی | مرکب اشاری |
| .7 | درست اعراب کی نشان دہی کریں۔ | مَنَاظِرُ | مُنَاظِرُ | مَنَاظَرُ | مِنَاظِرُ |
| .8 | درست اعراب کی نشان دہی کیجئیے۔ | مَحتِرَم | مُحتِرَم | مَحتَرَم | مُحتَرَم |
| .9 | احمد مرزا کی خِلقت میں داخل ہے کہ دو منٹ نہیں بیٹھا جاتا۔ | خاموش | نچلا | پُر سکون | آرام سے |
| .10 | جب لڑکی ریلوے سٹیشن پہنچی تو گاڑی آنے میں کتنی دیر تھی؟ | آدھا گھنٹا | ایک گھنٹا | پندرہ منٹ | چند منٹ |
| .11 | اکبر کے دور میں دین کی سربلندی کے لیے کس نے سختیاں جھیلیں؟ | شاہ ولی اللہؒ | سید احمد بریلویؒ | شاہ اسمٰعیل شہیدؒ | حضرت مجدد الف ثانیؒ |
| .12 | چغل خور نے کسان سے کتنے ماہ بعد ایک چغلی کھانے کی اجازت مانگی؟ | نو ماہ | ایک ماہ | چھ ماہ | سات ماہ |
| .13 | مصنف نے انسان کی فطری کمزوری کی بنا پر اسے کہا ہے: | کاہل اور نکما | نکما اور کام چور | دلیر مگر سست | کاہل اور کام چور |
| .14 | قبضہ نہیں تو کھائے: | خصم کو | کڑھی | کھیر | آم |
| .15 | ایا صوفیہ کے برابر کیا ہے؟ | قبرستان | عجائب گھر | کتاب خانہ | فوجی عجائب خانہ |

www.pakcity.org

وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں

1023 (جماعت دہم) سیکنڈری پارٹ II، سیشن 23-2021 to 21-2019

اردو لازمی (انشائیہ) گروپ دوسرا وقت: 2:10 گھنٹے کل نمبر: 60

SGD-2-23

## حصہ ............ اول

**سوال نمبر 2۔ کوئی سے پانچ اشعار کی تشریح کیجئے۔ تین اشعار حصہ نظم میں سے اور دو اشعار حصہ غزل میں سے منتخب کیجئے۔** (10 نمبر)

### حصہ ............ نظم

(i) بشر کو فطرت اسلام پر پیدا کیا جس نے — محمد مصطفیٰؐ کے نام پر شیدا کیا جس نے

(ii) اب انساں کو انساں کا عرفان ہو گا — یقیں ہو گیا، اعتبار آ گیا ہے

(iii) منھ سے نکل پڑی تھی ہر اک موج کی زباں — تہ پر تھے سب نہنگ، مگر تھی لبوں پہ جاں

(iv) من پنچھی جب پنکھ ہلائے کیا کیا سُر بکھرائے — سننے والے سنیں تو ان میں ایک ہی دھن لہرائے

### حصہ ............ غزل

(v) ترے رتبہ دانِ محبت کی حالت — ترے شوق میں کیا سے کیا ہو گئی ہے

(vi) ہم اسے منھ سے بُرا تو نہیں کہتے کہ فراق — دوست تیرا ہے، مگر آدمی اچھا بھی نہیں

(vii) بھول جاتا ہوں میں ستم اس کے — وہ کچھ اس سادگی سے ملتا ہے

## حصہ ............ دوم

**سوال نمبر 3۔ درج ذیل نثرپاروں کی تشریح کیجئے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ (یعنی جن کے نیچے لائن لگی ہے) کے معانی بھی لکھیے۔** 5+5 = 10 نمبر

(الف) حساب کتاب کے دن جب اعمال کی جانچ پڑتال ہو گی، خدا یہ پوچھے گا کہ میں نے جو استعداد تجھ میں ودیعت کی تھی اسے کمال تک پہنچانے اور اس سے کام لینے میں تو نے کیا کیا اور خلق اللہ کو اس سے کیا فیض پہنچایا؟

(ب) مگر میں نے پچھلے ۳۲ سال میں انھیں ہمیشہ شیروانی ہی پہنے دیکھا انگریزی ان کا اوڑھنا بچھونا مگر رعب گانٹھنے کے لیے کبھی انگریزی میں بات نہیں کرتے تھے، بلکہ ان کی گفتگو میں انگریزی کے الفاظ بالکل نہیں آنے پاتے تھے۔ چالیس سال کی عمر کے بعد ہی ان کے دونوں ہاتھوں میں رعشہ آ گیا تھا اس لیے لکھنے میں انہیں زحمت ہوتی تھی

**سوال نمبر 4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔** (5×2 = 10 نمبر)

(i) مصنف کے کون سے دوست ادب کے زیادہ دل دادہ ہیں؟

(ii) سیدانی بی نے گزر اوقات کے لیے کون سا پیشہ اختیار کیا؟

(iii) اہل مغرب نے قومیت کی بنیاد کس پر رکھی ہے؟

(iv) لاہور کے پبلشروں کے ساتھ مرزا صاحب کا رویہ کیسا تھا؟

(v) انسان کو انسان کا عرفان ہونے سے کیا مراد ہے؟

(vi) سلطان ٹیپو اپنی جدوجہد میں کیوں کامیاب نہ ہو سکا۔

(vii) نکیل پڑنے سے شاعر کی مراد کیا ہے؟

(viii) ہوش اور بے خودی کے ملنے سے دنیا کے کاروبار کیسے سنورتے ہیں؟

**سوال نمبر 5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔** (05 نمبر)

(i) نظریۂ پاکستان (ii) استنبول

**سوال نمبر 6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** (15 نمبر)

(i) حبِّ وطن (ii) وقت کی پابندی (iii) دیہاتی زندگی

**سوال نمبر 7۔ مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔** (10 نمبر)

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیے ہیں اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے، نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے لیکن اسلام نے لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا۔ بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں ہے

سوالات:

(i) اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟

(ii) کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟

(iii) اسلام میں ترکی کے مسلمان، چین کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز قائم ہو گا؟

(iv) کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر کوئی فوقیت حاصل ہے؟

(v) اس عبارت کا عنوان لکھیے۔

1016 - 1023 - 65000

www.pakcity.org

1022 (جماعت دہم) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کیجیے۔ رول نمبر:...............

سیکنڈری پارٹ II سیشن 22-2020 to 20-2018 گروپ پہلا دستخط امیدوار:...............

## اردو لازمی (معروضی) وقت: 20 منٹ کل نمبر 15 PAPER CODE 3021

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کر کے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔ انک ریمور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

SGD-G1-22

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | محمود نظامی کے مقالے پر کس نے گفتگو کا آغاز کیا؟ | ڈاکٹر تاثیر نے | فیض احمد فیض نے | غلام عباس نے | محمود نظامی نے |
| 2. | سیدانی بی میر صاحب کے بچوں کو باورچی خانے میں جا کر کھانا پکانے کی ترکیبیں بتاتیں: | صبح کو | دوپہر کو | شام کو | عشا کی نماز سے فارغ ہو کر |
| 3. | چغل خور کون سا کام جانتا تھا؟ | صنعت کاری کا | باغبانی کا | معماری کا | کھیتی باڑی کا |
| 4. | یہ مصرع کس شاعر کا ہے؟ "چاند جب عید کا نظر آیا" | علامہ اقبالؒ | حفیظ جالندھری | الطاف حسین حالیؔ | عبدالمجید سالک |
| 5. | نظریۂ پاکستان کا مقصد پاکستان کو مملکت بنانا ہے: | جمہوری | اسلامی | فلاحی | اسلامی اور فلاحی |
| 6. | علی بخش کے بقول ڈاکٹر صاحب بڑے آدمی تھے: | درویش | دانش ور | نامور | تاجور |
| 7. | سلطان احمد بڑا لڑکا تھا: | سلطان محمد ثانی کا | سلطان محمد ثالث کا | سلطان سلیمان کا | سلطان مراد ثانی کا |
| 8. | نظم "بہادر بچے" کے مطابق کشتی کہاں ٹھہری ہے؟ | دریا میں | طغیانی میں | منجدھار میں | سمندر میں |
| 9. | نظم "مال گودام روڈ" کس شاعر نے لکھی ہے؟ | جمیل الدین عالیؔ نے | ضمیر جعفری نے | مرزا محمود سرحدی نے | دلاور فگار نے |
| 10. | شاعرہ کو کس بات پر فخر ہے؟ | اپنی شاعری پر | اپنی غزل پر | محبوب کے مہربان ہونے پر | محبوب کے ہم قدم ہونے پر |
| 11. | اسم کی بناوٹ کے لحاظ سے قسمیں ہیں: | دو | تین | چار | پانچ |
| 12. | ان افعال میں فعل ماضی مطلق ہے: | وہ آیا | وہ آیا ہے | وہ آیا تھا | وہ آیا ہو گا |
| 13. | ان حروف میں حرفِ جار ہے: | اس لیے | کیوں کہ | تاکہ | تک |
| 14. | درست تلفظ والا لفظ ہے: | قِیَامَت | قَیَامَت | قَیَامَت | قِیَامَت |
| 15. | اتحاد کا درست تلفظ ہے: | اِتَّحَاد | اِتِحَاد | اِتحَاد | اَتحَاد |

www.pakcity.org

وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں

1022 (جماعت دہم) سیکنڈری پارٹ II، سیشن 22-2020 to 20-2018

اردو لازمی (انشائیہ) گروپ پہلا وقت: 2:10 گھنٹے کل نمبر: 60

حصہ ---------- اول

سوال نمبر 2۔ کوئی سے پانچ اشعار کی تشریح کیجئے۔ تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے۔ (10 نمبر)

SGD-G1-22

حصہ ---------- نظم

(i) اُصول محبت ہے، پیغام جس کا — وہ محبوبِ پروردگار آگیا ہے

(ii) گرمی یہ تھی کہ زیست سے دل سب کے سرد تھے — پتّے بھی مثل چہرۂ مدقوق زرد تھے

(iii) یہ جہاد اللہ کے رستے میں بے تیغ وسپر! — ہے جسارت آفریں شوقِ شہادت کس قدر!

(iv) سرنگوں رہتی ہیں جس سے قوتیں تخریب کی — جس کے بُوتے پر لچکتی ہے کمر تہذیب کی

حصہ ---------- غزل

(v) میں درماندہ اس بار گاہِ عطا کا — گنہ گار ہوں، اِک خطا ہو گئی ہے

(vi) بھول جاتا ہوں میں ستم اس کے — وہ کچھ اس سادگی سے ملتا ہے

(vii) اک شمع بجھائی تو کئی اور جلا لیں — ہم گردشِ دوراں سے بڑی چال چلے ہیں

حصہ ---------- دوم

سوال نمبر 3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ (یعنی جن کے نیچے لائن لگی ہے) کے معانی بھی لکھئے۔ 5+5 = 10 نمبر

(الف) اردو کی غزلیہ شاعری میں عید، عید کا چاند، ہلال وابرو محبوب سے روزِ عید کی ملاقاتیں اور اس کے متعلقات ہی اہم رہے۔ لیکن ۱۸۵۷ء کی جنگِ آزادی کے بعد جب اردو شاعری کی حدود میں وسعت پیدا ہوئی اور نظموں کی طرف توجہ تیز ہو گئی تو عید کے موضوع میں بھی اشاراتی اور علامتی امکانات زیادہ اجاگر ہوئے۔

(ب) مسلمانوں نے اس میں بہت سی تعمیرات کا اضافہ کیا۔ دیواروں اور چھتوں کی پچی کاری پر از سرِ نو قلعی کروا دی گئی۔ جن دیواروں پر بت بنے ہوئے تھے، منہدم کروا کے نئی دیوار بنوا دی گئی۔ سلطان محمد نے ایک بلند مینار تعمیر کروا دیا۔

www.pakcity.org

سوال نمبر 4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھئے۔ (5×2 = 10 نمبر)

(i) نعت کے شاعر کے نزدیک حضور پاک ﷺ کا پیغام کیا ہے؟

(ii) پان کون کھاتی تھی اور بادشاہ بیگم کا اصلی نام کیا تھا؟

(iii) کسان نے چغل خور کو کن شرائط پر ملازم رکھا؟

(iv) نام دیو مالی نے انعام لینے سے کیوں انکار کیا؟

(v) دہشت گردی سے معاشرتی زندگی کس طرح متاثر ہوتی ہے؟

(vi) پاکستانی بچوں نے کس سے لڑنے کا عزم کیا ہے؟

(vii) قافیہ کی تعریف کریں، مثال کی مدد سے وضاحت کیجئے۔

(viii) جملہ معترضہ کی تعریف کریں اور ایک مثال دیں؟

سوال نمبر 5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھئے۔ (05 نمبر)

(i) پرستان کی شہزادی (ii) علی بخش

سوال نمبر 6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے۔ (15 نمبر)

(i) والدین کی اطاعت (ii) صفائی کے فائدے (iii) محنت کی برکتیں

سوال نمبر 7۔ مندرجہ ذیل عبارت غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔ (5×2 =10 نمبر)

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو ان کے ماہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں سے دو خاندان بہت مشہور ہیں۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں، بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کر سکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شعاعیں پاکستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

سوالات: (i) زبانوں کے علوم کو جاننے کے لیے ماہرین نے کیا طریقہ کار اپنایا ہے؟ (ii) زبانوں کے کون کون سے مشہور خاندان ہیں؟ (iii) برصغیر کی زبانوں کا تعلق کس خاندان سے ہے؟ (iv) براعظم یورپ اور براعظم ایشیا میں کس خاندان کی زبانیں رائج ہیں؟ (v) اس عبارت کا مناسب عنوان تجویز کریں۔

1022 (جماعت دہم)　وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کیجئے۔　رول نمبر:..........

سیکنڈری پارٹ II　سیشن 2018-20 to 2020-22　گروپ دوسرا　دستخط امیدوار:..........

## اردو لازمی (معروضی)　وقت: 20 منٹ　کل نمبر 15　PAPER CODE 3026

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کر کے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریمور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

SGD-G2-22

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | "جو رہی سو بے خبری رہی" کس کی خود نوشت ہے؟ | غالب | ادا جعفری | حسرت موہانی | فراق گورکھپوری |
| .2 | درست تلفظ واضح کریں؟ | مُعَطَّز | مَغطَز | مَعِطَّز | مَعَطَّز |
| .3 | کون سا تلفظ درست ہے؟ | اَغتَبَاز | اُغتَبَاز | اِعتَبَار | اِعتَبَّار |
| .4 | استعارہ کے لغوی معنی ہیں: | اشارہ کرنا | خبر کرنا | مُستعار لینا | نقص بیان کرنا |
| .5 | "میرا بیٹا چاند ہے" گرائمر میں چاند کیا ہے؟ | تشبیہ | استعارہ | مجازِ مرسل | کنایہ |
| .6 | کنایہ کے معنی کیا ہیں؟ | حرفِ تشبیہ | مستعار منہ | اونچی آواز میں بات کرنا | اشارے سے بات کرنا |
| .7 | مرزا صاحب پنشن کا بڑا حِصّہ صرف کر دیتے تھے: | جائیداد خریدنے پر | خیرات کرنے میں | کتابوں پر | کھانے پر |
| .8 | کانگریس کب قائم ہوئی؟ | 1885ء | 1886ء | 1895ء | 1906ء |
| .9 | پرستان کے بادشاہ نے سیّدانی بی کو بلایا تھا: | بیٹی کا جہیز ٹانکنے کو | انعام دینے کو | بیٹی کو سینا پرونا سکھانے کو | بیٹی کی شادی میں شرکت کے لئے |
| .10 | "ہلالِ عید" کی گردوں میں آمد آمد ہے" یہ مصرع کس شاعر کا ہے؟ | محمد اقبالؒ | حفیظ جالندھری | عبدالمجید سالک | حالیؔ |
| .11 | سبق استنبول کس کی تحریر ہے؟ | اختر ریاض الدین | حکیم محمد سعید | قدرت اللہ شہاب | شفیع عقیل |
| .12 | غالب نے جو دربار میں بلائے جانے کا ذکر کیا ہے۔ دربار سے کیا مراد ہے؟ | میٹنگ | دعوت | مشاعرہ | جلسہ |
| .13 | تیسری سیٹ پر کونے میں ایک عورت بالکل دبلی پتلی بیٹھی ہے اس کے قریب ایک دوسرا بچہ جو زیادہ سے زیادہ: | چھ سال کا ہوگا | 9 سال کا ہوگا | چار سال کا ہوگا | دو سال کا ہوگا |
| .14 | پیغمبر ذی وقار کے چراغ محبت کے بارے میں کیا کہا گیا ہے؟ | اس کی روشنی پھیلے گی | ہمیشہ روشن رہے گا | کبھی نہیں بجھے گا | تمام جوابات درست ہیں |
| .15 | یہ نظم جوش کے کس مجموعہ کلام سے لی گئی ہے؟ | حرف و حکایت | شعلہ و شبنم | جذباتِ فطرت | سنبل و سلاسل |

www.pakcity.org

وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں

1022 (جماعت دہم) سیکنڈری پارٹ II، سیشن 22-2020 to 20- 2018

اردو لازمی (انشائیہ) گروپ دوسرا وقت: 2:10 گھنٹے کل نمبر: 60

SGD-G2-22

حصہ ........... اول

سوال نمبر 2۔ کوئی سے پانچ اشعار کی تشریح کیجیے۔ تین اشعار حصہ نظم میں سے اور دو اشعار حصہ غزل میں سے منتخب کیجیے۔ (10 نمبر)

حصہ ........... نظم (3×2= 06)

(i) وہی ہے کائنات اور اس کی مخلوقات کا خالق — نباتات و جمادات اور حیوانات کا خالق

(ii) گرمی کارِ زارِ جنگ، کیوں کر کروں بیاں — ڈر ہے کہ مثل شمع نہ جلنے لگے زباں

(iii) اس میں ایسی کھائیاں ایسے غار ہیں — دفن ہو سکتا ہے جن میں آدمی بعد از وصال

(iv) منزل پہ پہنچیں گے اک دن، وہیں قیام کریں گے ہم — روک نہیں سکتی ہے ناصر کوئی بھی دیوار ہمیں

حصہ ........... غزل (2×2= 04)

(v) بھول جاتا ہوں مَیں ستم اُس کے — وہ کچھ اس سادگی سے ملتا ہے

(vi) آج غفلت بھی ان آنکھوں میں ہے پہلے سے سوا — آج ہی خاطرِ بیمار شکیبا بھی نہیں

(vii) یہ فخر تو حاصل ہے، برے ہیں کہ بھلے ہیں — دو چار قدم ہم بھی ترے ساتھ چلے ہیں

حصہ ........... دوم

سوال نمبر 3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ (یعنی جن کے نیچے لائن لگی ہے) کے معانی بھی لکھیے۔ 5+5 = 10 نمبر ($5 = 2 + \frac{1}{2} + \frac{1}{2} + \frac{1}{2} + \frac{1}{2} + \frac{1}{2} + \frac{1}{2}$)

(الف) جب اردو شاعری کی حدود میں وسعت پیدا ہوئی اور نظموں کی طرف توجہ تیز ہوگئی تو عید کے موضوع میں بھی اشاراتی اور علامتی امکانات زیادہ اجاگر ہوئے۔ اور اردو شاعری کو ۱۸۵۷ء کے بعد ملّی احساسات کی ترجمانی کا وسیلہ بھی بنایا گیا اور اس طرح مسلمانوں کی فکری زندگی کے خدوخال نے اردو ادب میں اسلامی اقدار و روایات کی پاسداری کے عمل کو شدید سے شدید تر کر دیا۔

(ب) حاکم اکبر کی آمد کی خبر سن رہے ہیں۔ دیکھیے دلی آئیں یا نہیں؟ آئیں تو دربار کریں یا نہیں؟ دربار کریں تو میں گنہ گار بلایا جاؤں یا نہیں؟ بلایا جاؤں تو خلعت پاؤں یا نہیں؟ پنسن کا تو نہ ذکر ہے، نہ کسی کو خبر ہے۔

سوال نمبر 4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ (5×2 = 10 نمبر)

(i) شاکر صاحب کی کوٹھی پر پہنچ کر مصنف نے کمرے کو دیکھا تو کیسا تھا؟

(ii) قلی کو جب مزدوری مل گئی تو کیا جذبات تھے؟

(iii) سیٹی کی آواز سن کر جب قلی اتر گیا تو لڑکی کی کیا کیفیت تھی؟

(iv) چغل خور نے کسان کی بیوی کو کیسے سمجھایا

(v) حافظ محمد شیرانی کے بقول میر انیس کیسے شاعر تھے؟

(vi) پاکستان کے بہادر بچوں کا کیا جذبہ ہونا چاہیے؟

(vii) قافیے اور ردیف سے کیا مراد ہے؟

(viii) شاعر اپنی غزل میں ستم کو کیسے بھول جاتا ہے؟

سوال نمبر 5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (ii) نام دیو مالی (05 نمبر)

سوال نمبر 6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ (15 نمبر)

(i) قومی اتحاد (ii) دہشت گردی (iii) عیدین

سوال نمبر 7۔ مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10 نمبر)

اقبال کی انفرادیت یہ ہے کہ وہ ایک باعمل شاعر تھے انھوں نے شعر کے ذریعے اسلامی تعلیمات حسن اخلاق، خودی، فقر، درویشی اور مغرب سے بیزاری کی تلقین کی اور اپنے عمل کے ذریعے اس کا ثبوت مہیا کیا۔ انہوں نے مسلمانوں کی سیاسی جدوجہد میں اپنی ہمت اور طاقت کے مطابق شرکت کی۔ گول میز کانفرنس کے لیے یورپ کا سفر کیا۔ اسلامی کانفرنس کے لیے فلسطین گئے۔ نیز اسلامی افکار اور فلسفہ کی اشاعت کے لیے ہندوستان کے مختلف علاقوں دہلی، حیدر آباد، دکن، مدراس اور بنگلور وغیرہ کے دورے کیے۔ مسلمانوں کے اصرار پر پنجاب اسمبلی میں مسلمانوں کے حقوق کے لئے انتخاب میں حصہ لیا۔

سوالات:

(i) اس عبارت کا موزوں عنوان تحریر کیجیے۔

(ii) اقبالؒ کی انفرادیت کیا ہے؟

(iii) اقبالؒ نے شعر کے ذریعے کن اسلامی تعلیمات کی تلقین کی ہے؟

(iv) اقبالؒ نے ہندوستان کے کن علاقوں کا دورہ کیا، چار کے نام لکھیے

(v) اقبالؒ نے پنجاب اسمبلی کے انتخاب میں کیوں حصہ لیا؟

1004 - 1022 - 65000

www.pakcity.org

SGO-10-G1-20

1020 (جماعت دہم) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ رول نمبر 651730

اردو لازمی (معروضی) سیکنڈری پارٹ (II) (سیشن 2016-18 to 2018-20) دستخط امیدوار اسد محمود

وقت 20 منٹ **PAPER CODE 3027** (گروپ پہلا) کل نمبر 15

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کر کے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| (D) | (C) | (B) | (A) | QUESTIONS | Q-1 |
|---|---|---|---|---|---|
| ایک | تین | چار | دو | اسم فاعل کی قسمیں ہیں۔ | 1 |
| خطاب | کنیت | عرف | لقب | ''ابوالقاسم'' گرامر کی رو سے ہے۔ | 2 |
| مرکب توصیفی | مرکب عطفی | مرکب جاری | مرکب اشاری | ''علم و عمل'' گرامر کی رو سے ہے۔ | 3 |
| پندرہ منٹ | ایک گھنٹا | چند منٹ | آدھا گھنٹا | سبق ''ملمع'' میں جب لڑکی ریلوے اسٹیشن پہنچی تو گاڑی آنے میں دیر تھی | 4 |
| لوہے کا | معماری کا | لکڑی کا | کھیتی باڑی کا | چغل خور کام جانتا تھا۔ | 5 |
| بے عزتی کا خوف | افسران کی خوشی | اپنے کام سے محبت | تنخواہ کا لالچ | نام دیو بڑی تن دہی سے اپنے کام میں مصروف اور مگن رہتا تھا، اس کی وجہ تھی۔ | 6 |
| خانیوال میں | لائل پور میں | لاہور میں | جھنگ میں | علی بخش کو زمین دی گئی تھی۔ | 7 |
| ایک لاکھ | دو لاکھ | پچاس ہزار | تیس ہزار | مسجد سلیمانیہ کے ساتھ کتب خانے میں قلمی نسخے ہیں۔ | 8 |
| ڈاکٹر حسن | ڈاکٹر سید عبداللہ | ڈاکٹر خلیق انجم | ڈاکٹر عبدالحق | ''غالب کے خطوط'' مرتب کیے ہیں۔ | 9 |
| پشاور یونی ورسٹی میں | الٰہ آباد یونی ورسٹی میں | پنجاب یونیورسٹی میں | علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں | رشید احمد صدیقی اردو کے لیکچرار مقرر ہوئے۔ | 10 |
| رباعی | مرثیہ | آزاد نظم | قصیدہ | نظم ''میدان کربلا میں گرمی کی شدت'' صنف سخن کے لحاظ سے ہے۔ | 11 |
| صحرائی | جنتی | ارضی | آسمانی | علامہ اقبال نے فاطمہ کو حور کہا ہے۔ | 12 |
| خوشبو | میں ساز ڈھونڈتی رہی | غزالاں تم تو واقف ہو | شہر درد | ادا جعفری کی غزل ان کے مجموعہ کلام سے لی گئی ہے۔ | 13 |
| عِرَض | عَرِض | عَرَض | عَرْض | ''عرض'' کا درست تلفظ ہے۔ | 14 |
| تَعاوِن | تَعاوُن | تُعاوَن | تَعاوَن | ''تعاون'' کے درست اعراب ہیں۔ | 15 |

www.pakcity.org

SGD-10-G1-20

10۔ (جماعت دہم) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو لازمی (انشائیہ) (سیشن 2016-18 to 2018-20) سیکنڈری پارٹ (II)

وقت: 2.10 گھنٹے (گروپ پہلا) کل نمبر 60

حصہ ----------------- اول

2۔ درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجئے (حصہ نظم سے تین اور حصہ غزل سے دو اشعار) (10)

(حصہ نظم)

(i) نظامِ آسمانی ہے اُسی کی حکمرانی سے ☆ بہار جاودانی ہے اُسی کی باغبانی سے

(ii) آئینہ مہر کا تھا مکدّر غبار سے ☆ گردوں کو تپ چڑھی تھی زمیں کے بُخار سے

(iii) دوڑتی ہے رات کو جس کی نظر افلاک پر ☆ دن کو جس کی انگلیاں رہتی ہیں نبضِ خاک پر

(iv) رونقیں ہی رونقیں ہیں جس طرف بھی دیکھیے ☆ چھینٹے لگتے ہیں اس پر شام ہوتے ہی شغال

(حصہ غزل)

(v) میں درماندہ اُس بارگاہِ عطا کا ☆ گنہ گار ہوں، اِک خطا ہوگئی ہے

(vi) سلسلہ، فتنۂ قیامت کا ☆ تیری خوش قامتی سے ملتا ہے

(vii) اک شمع بجھائی تو کئی اور جلالیں ☆ ہم گردشِ دوراں سے بڑی چال چلے ہیں

حصہ ----------------- دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھئے۔ (5+5=10)

(الف) اس رجحان نے تخلیقی سطح پر ایک نئی سمت کی طرف اشارہ کیا ہے جس سے یہ نتیجہ نکالنا بے موقع نہ ہوگا کہ عید کا تصور مسلمانوں کے ہاں محض تہوار منانے اور اچھل کود کو کلچر بنانے پر منحصر نہیں بلکہ اس خوشی کا رشتہ ہماری اقدار میں بہت دور تک جاتا ہے جس سے عید کے بارے میں اردو شعرا کی تخلیقات کو ایک نئی سمت ہی نہیں ملتی بلکہ ان کا تعلق ہمارے داخلی رویوں کے ساتھ اتنا گہرا ہے کہ ہماری شعری روایت میں یہ عمل صرف یک طرفہ مناظر کشی تک جا کر ختم نہیں ہوتا۔

(ب) حضرت ابو ایوب انصاریؓ کا مرتبہ علم ایسا تھا کہ صحابہ کرامؓ مسائل کی تحقیق میں ان سے رجوع کرتے تھے۔ حضرت ایوب انصاریؓ کی شخصیت میں تین چیزیں نمایاں تھیں جوشِ ایمانی، حق گوئی اور آنحضرت رسول اللہ ﷺ سے بے کراں محبت وعقیدت۔ حضرت ابو ایوب انصاریؓ کا ایک مرتبہ و مقام یہ ہے کہ وہ آنحضرت ﷺ کے میزبان رہے ہیں۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے جوابات لکھئے۔ (10)

(i) میر انیس شیر اور آہو پر دھوپ کے کیا اثرات بیان کرتے ہیں؟

(ii) لاہور کے پبلشروں کے ساتھ مرزا صاحب کا رویہ کیسا تھا؟

(iii) عید الفطر پر نظموں میں شعرا نے کیا باریکیاں پیدا کی ہیں؟

(iv) علی بخش مصنف کو کیوں گھور رہا تھا؟

(v) علم کی طاقت سے کس طرح بندوق کو شکست دی جا سکتی ہے؟

(vi) سڑک "مال گودام روڈ" پر جسے جانا پڑے اس کا انجام کیا ہوتا ہے؟

(vii) استنبول پر مسلمانوں کے پہلے حملے کی خاص بات کیا تھی؟

(viii) جگر مراد آبادی کے خیال میں روح کو محبت کا مزہ کیسے ملتا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (ii) استنبول (05)

6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے۔ (15)

(i) زم زم (ii) وقت کی پابندی (iii) سائنس کے کرشمے

7۔ مندرجہ ذیل عبارت غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجئے۔ (10)

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو اِن کے ماہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اسکی وسعت کی برابری نہیں کرسکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شعاعیں پاکستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

سوالات:- (i) زبانوں کے دو مشہور خاندان کونسے ہیں؟ (ii) عربی اور انگریزی زبانوں کے کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟

(iii) آریائی خاندان کی جن زبانوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے ان کے نام لکھیے؟

(iv) دنیا کے کون کون سے ممالک ایسے ہیں جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

(v) ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟

www.pakcity.org

S90-10-G2-20

1020 (جماعت دہم) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ رول نمبر..................

اردو لازمی (معروضی) سیکنڈری پارٹ (II) (سیشن 2016-18 to 2018-20) دستخط امیدوار..................

وقت 20 منٹ **PAPER CODE 3026** (گروپ دوسرا) کل نمبر 15

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کرکے اس کے مطابق دائرے پُر کریں ، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | گرامر کی رو سے اسم مکبر ہے۔ | تلوار | شہ زور | ڈھولک | افسر |
| 2 | "چاقو" گرامر کی رو سے ہے۔ | اسم تصغیر | اسم ظرف | اسم آلہ | اسم صوت |
| 3 | تہنیت عیدالفطر کس شاعر کی نظم ہے؟ | اقبال | حالی | غالب | فراق |
| 4 | مرزا محمد سعید کے پہلے ناول کا نام ہے | یاسمین | خاک اور خون | محمد بن قاسم | میدانِ عمل |
| 5 | مصنف کے دوست انھیں راجا صاحب سے ملوانے کہاں لے جانا چاہتے تھے؟ | ام نگر | الہ آباد | احمد آباد | احمد نگر |
| 6 | جب لڑکی ریلوے اسٹیشن پہنچی تو گاڑی آنے میں کتنی دیر تھی؟ | پندرہ منٹ | آدھا گھنٹا | چند منٹ | ایک گھنٹا |
| 7 | چغل خور کہاں رہتا تھا؟ | قصبے میں | شہر میں | گاؤں میں | بیرون ملک |
| 8 | ایک دن پاکستانی بچے قیام کریں گے؟ | منزل پر | راستے میں | گھر میں | دہشت میں |
| 9 | میر مجروح کے خط میں کس کی بیٹی کی پیدائش کا ذکر ہے؟ | میر مجروح | میرن | شاہ محمد عظیم | میر نصیر الدین |
| 10 | سبق "علی بخش" کس کتاب سے لیا گیا ہے۔ | ماں جی | شہاب نامہ | یا خُدا | افسانے |
| 11 | حسرت موہانی کے مطابق کون سا راستہ ہے جہاں بادِ صرصر صبا ہوگئی ہے۔ | دیارِ وفا | راہِ وفا | راہِ محبت | رہ دیارِ غیر |
| 12 | پاکستان ستاروں کے جھرمٹ میں ہے۔ | سورج | چاند | مرکزہ | روشن ستارہ |
| 13 | "مسافر" کا درست تلفظ ہے۔ | مِسَافُر | مَسَافُر | مُسَافِر | مِسَافِر |
| 14 | "جسم" کا درست تلفظ ہے۔ | جِسْمُ | جَسَمُ | جُسِمُ | جِسَمُ |
| 15 | آئندہ زمانے کو زمانہ کہتے ہیں۔ | حال | ماضی | مستقبل | فعل ناقص |

www.pakcity.org

SGD-10-G2-20

1020 (جماعت دہم) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو لازمی (انشائیہ) (سیشن 2016-18 to 2018-20) سیکنڈری پارٹ (II)

وقت: 2.10 گھنٹے (گروپ دوسرا) کل نمبر 60

حصہ ---------------- اول

2۔ درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (حصہ نظم سے تین اور حصہ غزل سے دو اشعار) (10)

(حصہ نظم)

(i) بہار جاودانی ہے اسی کی باغبانی سے ☆ نظام آسمانی ہے اُسی کی حکمرانی سے

(ii) بھن جاتا تھا جو گرتا تھا دانہ زمین پر ☆ گرمی سے مضطرب تھا زمانہ زمین پر

(iii) فاطمہ! تو آبروئے امتِ مرحوم ہے ☆ ذرہ ذرہ تیری مُشتِ خاک کا معصوم ہے

(iv) اسی کو کہتے ہیں اردو میں قید آزادی ☆ میاں شتر کو مبارک یہ رشتہ شادی

(حصہ غزل)

(v) جب اس راہ کی ابتدا ہوگئی ہے ☆ پہنچ جائیں گے انتہا کو بھی حسرت

(vi) ٹوٹ کر دل ، اسی سے ملتا ہے ☆ مل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا

(vii) ہم گردش دوراں سے بڑی چال چلے ہیں ☆ اک شمع بجھائی تو کئی اور جلالیں

حصہ ---------------- دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ (5+5=10)

(الف) ''لے آؤ سامان!'' وہ ایک **دل فریب** مسکراہٹ کے ساتھ بولی۔ **قُلی** سامان رکھ کر اُسے ایک آنکھ سے گھورنے لگا۔ جیسے وہ اُس کی تہ تک پہنچنا چاہتا ہو۔ لڑکی بھانپ گئی۔ اُس نے بٹوا کھولا اور ایک چمکتی ہوئی اٹھنی اُس کی طرف بڑھا دی۔ قلی کا چہرہ جو حقارت کے جذبات کے باعث بُری طرح لٹکا ہوا تھا، ایک دم **کھل اُٹھا**۔ مزدور کو مزدوری چاہیے۔ اُسے کسی کے معاملات سے کیا غرض؟ اُس نے اٹھنی کو مَل کے دیکھا، جیسے وہ یقین کرنا چاہتا ہو کہ واقعی اس ہلکے پھلکے اسباب کی **اٹھوائی** آٹھ آنے ہوسکتی ہے!

(ب) جب وہ میرے ساتھ کار میں بیٹھ جاتا ہے تو غالباً اُس کے دل میں سب سے بڑا وہم یہ ہے کہ شاید اب میں بھی بہت سے دوسرے لوگوں کی طرح علامہ اقبالؒ کی باتیں پوچھ پوچھ کر اُس کا **سر کھپاؤں گا** لیکن میں نے بھی **عزم** کر رکھا ہے کہ میں خود علی بخش سے حضرت علامہ کے بارے میں کوئی سوال نہیں کروں گا۔ اگر واقعی وہ علی بخش کی زندگی کا ایک جزو ہیں تو یہ جوہر خود بخود عشق اور **مُشک** کی طرح ظاہر ہو کر رہے گا۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے جوابات لکھیے۔ (10)

(i) سلطان ٹیپو اپنی جدوجہد میں کیوں کامیاب نہ ہوسکا؟

(ii) مرزا سعید کی کن دو قومی شخصیات سے عزیز داری تھی؟

(iii) پرستان کے بادشاہ نے سیدانی بی کو کس کام کے لیے بلوایا تھا؟

(iv) اسلام غیر مسلموں سے کس قسم کے سلوک کا حکم دیتا ہے؟

(v) ہاجرہ مسرور کہاں پیدا ہوئیں اور ان کے شوہر کا نام کیا تھا؟

(vi) مال گودام روڈ پر گھوڑوں پر کیا بیتتی ہے؟

(vii) فراق کی شامل نصاب غزل ان کے کس مجموعے سے لی گئی ہے؟

(viii) جمیل الدین عالی نے کن اصنافِ سخن پر طبع آزمائی کی؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) مُلمّع (ii) استنبول (05)

6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ (15)

(i) تحریکِ پاکستان (ii) سیلاب کی تباہ کاریاں (iii) قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ

7۔ مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔ (10)

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو ان کے ماہروں نے مختلف خاندانوں میں تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں سے دو خاندان بہت ہی مشہور ہیں۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سے زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے۔ اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کرسکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شعاعیں پاکستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

سوالات:- (i) زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کون سے ہیں۔ (ii) عربی اور انگریزی زبانوں کے کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں۔

(iii) آریائی خاندان کی جن زبانوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے ان کے نام لکھیے؟

(iv) دُنیا کے کون کون سے ممالک ایسے ہیں جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟ (v) ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟



www.pakcity.org

1019 (جماعت دہم) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ رول نمبر..............

اردو لازمی (معروضی) سیکنڈری پارٹ (II) (سیشن 2015-17 to 2017-19) دستخط امیدوار..............

وقت 20 منٹ PAPER CODE 3021 (گروپ پہلا) کل نمبر 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کرکے اس کے مطابق دائرے پُر کریں ، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | متحدہ برصغیر میں ہندوؤں کی نمائندہ جماعت آل انڈیا نیشنل کانگریس کب قائم ہوئی؟ | 1857ء میں | 1885ء میں | 1905ء میں | 1906ء میں |
| 2 | شاعر علامہ اقبال نے "لذّت افزائے شورِ طفلی" میں کس کی طرف اشارہ کیا ہے؟ | ہلال استقلال | ہلال احمر | ہلال نخشب | ہلال عید |
| 3 | لڑکی نے قلی کو ہلکے پھلکے اسباب کی کتنی اُٹھوائی ادا کی؟ | اِکنّی | دوّنی | چوّنی | اَٹھنّی |
| 4 | مولوی عبدالحق نے انسان کی فطری کمزوری کی بنا پر اسے کہا ہے۔ | کاہل اور نکما | نکما اور کام چور | کاہل اور کام چور | دلیر مگر سُست |
| 5 | حکومتِ پاکستان نے علامہ اقبال کے دیرینہ ملازم علی بخش کو کتنی زمین الاٹ کی؟ | آدھا مربع | ایک مربع | دو مربعے | تین مربعے |
| 6 | احمد ندیم قاسمی نے حکیم محمد سعید کے قتل کو قرار دیا۔ | سندھ کے گورنر کا قتل | ایک طبی محقق کا قتل | پاکستان کی شناخت کا قتل | ایک حکیم حاذق کا قتل |
| 7 | اللہ تعالیٰ اُس قوم کی حالت نہیں بدلتا، جسے خیال نہ ہو۔ | خود اپنی حالت بدلنے کا | علم حاصل کرنے کا | زرِ مبادلہ کے ذخائر بڑھانے کا | ڈیم تعمیر کرنے کا |
| 8 | نظم "میدانِ کربلا میں گرمی کی شدت" کس شاعر کی تخلیق ہے؟ | میر حسن | میر خلیق | مرزا دبیر | میر انیس |
| 9 | شاعر نے اونٹ کی شادی کو گُل کھلانا قرار دیا ہے۔ "گُل کھلانا" کا مطلب ہے۔ | پھول کھلانا | عجیب وغریب کام کرنا | نئی بات کہنا | انکشاف کرنا |
| 10 | شاعرہ ادا جعفری کو کس بات پر فخر حاصل ہے؟ | محبوب کے ہم قدم ہونے | محبوب کی نظرِ التفات | آسمان کے مہربان ہونے پر | اچھی شاعری تخلیق کرنے پر |
| 11 | لفظ "انکسار" کے درست اعراب ہیں۔ | اَنکِسارُ | اَنکَسارُ | اِنکِسارُ | اِنکَسارُ |
| 12 | "نیک ترین" قواعد کے مطابق ہے۔ | اسمِ صفت | صفتِ نفسی | صفتِ بعض | صفتِ کل |
| 13 | بناوٹ کے اعتبار سے اسم کی اقسام کی تعداد ہے۔ | 2 | 4 | 6 | 3 |
| 14 | "مسدس مدوجذرِ اسلام" حالی کی تصنیف ہے۔ "مسدس" کے درست اعراب ہیں۔ | مَسَدُّس | مُسَدِّس | مُسَدَّس | مَسَدِّس |
| 15 | رنگنا سے "رنگائی" قواعد کی رُو سے ہے۔ | حاصلِ مصدر | اسمِ معاوضہ | اسمِ حالیہ | اسمِ تصغیر |

www.pakcity.org

1019 (جماعت دہم) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو لازمی (انشائیہ) (سیشن 2015-17 to 2017-19) سیکنڈری پارٹ (II)

وقت: 2.10 گھنٹے (گروپ پہلا) کل نمبر 60

## حصہ ---------------- اول

2۔ درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجئے (حصہ نظم سے تین اور حصہ غزل سے دو اشعار) ( 10 )

### ( حصہ نظم )

(i) غریبوں کی جاں کو، یتیموں کے دل کو ☆ سکوں ہوگیا ہے، قرار آگیا ہے

(ii) نیا یہ آج کے پرچے نے گل کھلایا ہے ☆ کہ سہرا باندھ کے اک اونٹ بلبلایا ہے

(iii) من پنچھی جب پنکھ ہلائے کیا کیا سر بکھرائے ☆ سننے والے سنیں تو ان میں ایک ہی دھن لہرائے

(iv) لہو کھاتا ہے رگِ خاشاک میں جس کا لہو ☆ جس کے دل کی آنچ بن جاتی ہے سیلِ رنگ و بو

### ( حصہ غزل )

(v) ہم اُسے منھ سے بُرا تو نہیں کہتے کہ فراق ☆ دوست تیرا ہے، مگر آدمی اچھا بھی نہیں

(vi) جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے ☆ یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

(vii) مل کر بھی جو کبھی نہیں ملتا ☆ ٹوٹ کر دل، اُسی سے ملتا ہے

## حصہ ---------------- دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھئے۔ (5+5=10)

(الف) جو باتیں اس سے پہلے خواب میں دیکھی تھیں، ان کی تصویر و **تکمیل** علی گڑھ میں دیکھی اور پائی۔ **اسلاف کی عظمت**، خاندان کے بزرگوں کی شفقت اور سہارا اور ساتھیوں کی شرافت، سخاوت اور آرزومندی سے آشنا اور **بہرہ مند** ہوا۔ ان کے ساتھ رہنے اور **رنج و راحت** میں شریک ہونے میں اپنی بڑائی دیکھی۔ پھر جو کچھ ہوا، وہ میں اور آپ اپنی اپنی زندگی میں دیکھ کر اپنے کو مبارک باد دیں اور فخر محسوس کریں تو کیا حرج!

(ب) یہ سوچ کر اُس کا دل بیٹھنے لگا۔ اور وہ خاموشی سے **نیم تاریک** سی کالی کلوٹی سڑک کی طرف دیکھنے لگی۔ جس پر **اِکا دکا** چرخ چوں کرتے ہوئے یکے کی میلی چمنیوں والی بتیوں سے ایک **کثیف** سی روشنی نکل کر سڑک پر رینگ رہی تھی۔ اُس کا خیال فوراً ہی اپنی موجودہ حالت کی طرف دوڑ گیا۔ میں کیا ہوں اس وقت؟ دیکھنے والوں کی نظر میں یقیناً کوئی امیر کبیر آزاد لڑکی لیکن **درحقیقت** ایک مٹے ہوئے خاندان کی نازک ____ لیکن پریشان حال لڑکی۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے جوابات لکھئے۔ ( 10 )

(i) مرزا محمد سعید کے دو ناولوں کے نام تحریر کیجئے؟

(ii) عید الفطر کا ہماری دینی وتہذیبی زندگی سے کیا تعلق ہے؟

(iii) علی بخش کو ایک مربع زمین کیوں اور کہاں الاٹ کی گئی؟

(iv) محمد تحسین کی گفتگو کا محور کیا ہوتا ہے؟

(v) ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان کا سن پیدائش اور سن وفات تحریر کیجئے۔

(vi) فاطمہ بنت عبداللہ کو ''راکھ میں دبی ہوئی چنگاری'' کیوں کہا گیا ہے؟

(vii) انسان کو کس فطرت پر پیدا کیا گیا ہے؟

(viii) شاعر منزلِ مقصود پر پہنچنے کیلئے پُر امید ہے۔ کیوں؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (ii) استنبول ( 05 )

6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے۔ ( 15 )

(i) وقت کی پابندی (ii) شہیدِ ملت لیاقت علی خاں (iii) شہری اور دیہی زندگی

7۔ مندرجہ ذیل عبارت غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجئے۔ ( 10 )

علامہ اقبالؒ کی انفرادیت یہ ہے کہ وہ ایک باعمل شاعر تھے۔ انھوں نے شعر کے ذریعے اسلامی تعلیمات، حسنِ اخلاق، خودی، فقر درویشی اور مغرب سے بیزاری کی تلقین کی ہے اور اپنے عمل کے ذریعے اس کا ثبوت مہیا کیا۔ انھوں نے مسلمانوں کی سیاسی جدوجہد میں اپنی ہمت اور طاقت کے مطابق شرکت کی۔ گول میز کانفرنس میں شرکت کے لیے یورپ کا سفر کیا۔ اسلامی کانفرنس میں شرکت کے لئے فلسطین گئے۔ نیز اسلامی افکار اور فلسفہ کی اشاعت کے لیے ہندوستان کے مختلف علاقوں حیدر آباد، دکن، مدراس اور بنگلور وغیرہ کے دورے کیے۔ مسلمانوں کے اصرار پر پنجاب اسمبلی میں مسلمانوں کے حقوق کے لیے انتخاب میں حصہ لیا اور تین سال تک اسمبلی میں مسلمانوں کے حقوق کی جنگ لڑی حتیٰ کہ اسلام کے نفاذ کے لیے ایک الگ خطہ زمین کے حصول کی راہ دکھائی۔ پوری دنیا کے مسلمانوں کو آزادی اور تعمیرِ نو کا ولولہ تازہ عطا کیا۔

**سوالات:-** (i) اس عبارت کا موزوں عنوان تحریر کریں۔ (ii) اقبال نے شعر کے ذریعے ہمیں کیا تلقین کی؟

(iii) اقبال نے اسلامی افکار کی اشاعت کے لیے کن علاقوں کا دورہ کیا؟ (iv) اقبال نے کون کون سی کانفرنسوں میں شرکت کی؟

(v) علامہ اقبال کس اسمبلی کے ممبر رہے اور کتنے عرصہ تک؟

www.pakcity.org

1019 (جماعت دہم) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ رول نمبر ..............

اردو لازمی (معروضی) سیکنڈری پارٹ (II) (سیشن 2015-17 to 2017-19) دستخط امیدوار ..............

وقت 20 منٹ **PAPER CODE 3024** (گروپ دوسرا) کل نمبر 15

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کرکے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ''دولت'' گرائمر کی رو سے ہے؟ | اسم مصدر | اسم صوت | اسم جامد | اسم ظرف |
| 2 | حفیظ جالندھری _______ ء میں لاہور میں فوت ہوئے؟ | 1984ء | 1986ء | 1982ء | 1980ء |
| 3 | قدرت اللہ شہاب _______ ء میں فوت ہوئے؟ | 1982ء | 1986ء | 1980ء | 1984ء |
| 4 | ''نعت'' کس شاعر کا ہدیۂ عقیدت ہے؟ | حفیظ جالندھری | حفیظ تائب | احسان دانش | ماہر القادری |
| 5 | ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان نے دنیا میں قومیت کی تشکیل کی کتنی بنیادیں بتائی ہیں؟ | ایک | دو | چار | آٹھ |
| 6 | سبق ''پرستان کی شہزادی'' کس مصنف کی تحریر ہے؟ | شاہد احمد دہلوی | ہاجرہ مسرور | اشرف صبوحی | سجاد حیدر یلدرم |
| 7 | یہ مصرع کس شاعر کا ہے؟ ''ہلالِ عید کی گردوں پہ آمد آمد ہے'' | اقبال | حفیظ جالندھری | عبدالمجید سالک | حالی |
| 8 | زمین پر خلقِ خدا کس چیز کو ترس رہی تھی؟ | پانی کو | آبِ خنک کو | ٹھنڈی ہوا کو | بادل کے سائے کو |
| 9 | نظم ''فاطمہ بنتِ عبداللہ'' کس شاعر کی تخلیق ہے؟ | علامہ محمد اقبال | حفیظ جالندھری | ظفر علی خاں | احسان دانش |
| 10 | کون سا راستہ ہے جہاں بادِ صرصر صبا ہو گئی ہے؟ | راہِ محبت | دیارِ وفا | رہِ دیارِ غیر | راہ وفا |
| 11 | قلم اور _______ دونوں پڑوسی تھے؟ | کاغذ | بندوق | پینسل | چین |
| 12 | ''حساب'' کا درست تلفظ ہے؟ | حِسْاَبْ | حِساَبْ | حَسَابْ | حِسَابْ |
| 13 | ''اسلام'' کا درست تلفظ ہے؟ | اَسْلَامْ | اِسْلَامْ | اِسَلَامْ | اَسْلَامَ |
| 14 | ''سال'' قواعد کی رو سے ہے؟ | اسم صوت | ظرف زماں | اسم ظرف | اسم آلہ |
| 15 | اسم کی بناوٹ کے اعتبار سے کتنی قسمیں ہیں؟ | ایک | دو | تین | چار |

www.pakcity.org

1019 (جماعت دہم) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو لازمی (انشائیہ) (سیشن 2015-17 to 2017-19) سیکنڈری پارٹ (II)

وقت: 2.10 گھنٹے (گروپ دوسرا) کل نمبر 60

## حصہ ---------- اول

**2۔ درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجئے (حصہ نظم سے تین اور حصہ غزل سے دو اشعار)** (10)

**(حصہ نظم)**

(i) اصول محبت ہے، پیغام جس کا ☆ وہ محبوبِ پروردگار آ گیا ہے

(ii) گرمی کا روز جنگ کی، کیوں کر کروں بیاں ☆ ڈر ہے کہ مثل شمع نہ جلنے لگے زباں

(iii) دوڑتی ہے رات کو جس کی نظر افلاک پر ☆ دن کو جس کی انگلیاں رہتی ہیں نبضِ خاک پر

(iv) سب محنت کش گلے ملے اور اُبھرا اک پیغام ☆ اس پیغام کو سمجھو یہ ہے قدرت کا انعام

**(حصہ غزل)**

(v) بھول جاتا ہوں میں ستم اُس کے ☆ وہ کچھ اس سادگی سے ملتا ہے

(vi) جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے ☆ یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

(vii) ترے رُتبہ دان محبت کی حالت ☆ ترے شوق میں کیا سے کیا ہوگئی ہے

## حصہ ---------- دوم

**3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھئے۔** (5+5=10)

(الف) میں جلدی سے اٹھ کر اپنے کمرے میں آیا اور اس وقت ذرا غور سے اس میز کے سامان کو دیکھا جو میرے لکھنے پڑھنے کے لیے تیار کی گئی تھی۔ میز پر نہایت قیمتی **کام دار** کپڑا پڑا ہوا تھا جس پر ایک قطرہ گرانا **گناہِ کبیرہ** سے کم نہ ہوگا۔ چاندی کی دوات، مگر سیاہی دیکھتا ہوں تو سوکھی ہوئی۔ انگریزی قلم نہایت قیمتی اور **نایاب**، مگر اکثر میں نِب **ندارد**، جاذب کاغذ ایک مخملی جلد کی کتاب میں، مگر لکھنے کے کاغذ کا پتا نہیں۔

(ب) وہ بہت سادہ مزاج، بھولا بھالا اور **منکسر المزاج** تھا اُس کے چہرے پر **بشاشت** اور لبوں پر مسکراہٹ کھیلتی رہتی تھی۔ چھوٹے بڑے ہر ایک سے جھک کر ملتا۔ غریب تھا اور تنخواہ بھی کم تھی۔ اس پر بھی اپنے غریب بھائیوں کی **بساط** سے بڑھ کر مدد کرتا رہتا تھا۔ کام سے عشق تھا۔ اور آخر کام کرتے کرتے ہی اس دنیا سے **رخصت** ہوگیا

**4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے جوابات لکھئے۔** (10)

(i) "توپ کاپی" میوزیم کا تعارف اپنے الفاظ میں کرائیے۔

(ii) سلطان ٹیپو اپنی جدوجہد میں کیوں کامیاب نہ ہوسکا؟

(iii) میر صاحب اور ان کی بیوی سیدانی بی کس بات پر زیادہ خوش تھے؟

(iv) پھولوں کا رنگ ہنسی سے ملنے کا مفہوم واضح کیجئے۔

(v) کون سی قوتیں کسان سے سرنگوں رہتی ہیں؟

(vi) آنکھ کی شبنم افشانی سے کیا مراد ہے؟

(vii) خاکہ نگاری سے کیا مراد ہے؟

(viii) عیدالفطر کا ہماری تہذیبی اور دینی زندگی سے کیا تعلق ہے؟

**5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔** (i) پرستان کی شہزادی (ii) استنبول (05)

**6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے۔** (15)

(i) وقت کی پابندی (ii) علامہ اقبال (iii) شہری زندگی کے مسائل

**7۔ مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجئے۔** (10)

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے، نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اسلام نے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کردیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا، بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا۔ جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں ہے۔

**سوالات:-** (i) اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟ (ii) کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟

(iii) اسلام میں ترکی کے مسلمان، چین کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز قائم ہوگا؟

(iv) کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر فوقیت حاصل ہے؟ (v) اس عبارت کا مناسب عنوان لکھئے۔



www.pakcity.org

سرگودھا

1018 (جماعت دہم) وارننگ : اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ رول نمبر..................

اردو لازمی (معروضی) سیکنڈری پارٹ (II) (سیشن 2015-17 & 2016-18) دستخط امیدوار ..................

وقت 20 منٹ PAPER CODE 3021 (گروپ پہلا) کل نمبر 15

نوٹ:۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کر کے اس کے مطابق دائرے پُر کریں ، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | مرزا صاحب پنشن کا بڑا حصہ صرف کر دیتے تھے۔ | جائیداد خریدنے پر | خیرات کرنے میں | کتابوں پر | کھانے پینے پر |
| 2 | پرستان میں پھل دار پودے بڑے تھے۔ | بالشت بھر | چھے فٹ | ایک ایک فٹ | گز بھر |
| 3 | 1857ء کی جنگ آزادی کے بعد توجہ تیز ہوگئی | غزلوں کی طرف | نظموں کی طرف | مرثیے کی طرف | شہر آشوب کی طرف |
| 4 | سبق "ملمع" اصناف ادب کے لحاظ سے کیا ہے۔ | داستان | افسانہ | مضمون | ناول |
| 5 | چغل خور نے کیا بتایا کہ کوڑھی کا جسم ہو جاتا ہے۔ | نمکین | میٹھا | کھٹا | کڑوا |
| 6 | سبق "نام دیو مالی" میں گدلا پانی پودوں کے لیے تھا۔ | ضرر رساں | بے سود | مفید | آب حیات |
| 7 | حکومت نے علی بخش کو کتنی زمین الاٹ کی | آدھا مربع | ایک مربع | دو مربعے | تین مربعے |
| 8 | رَن کی زمیں سُرخ تھی اور آسماں تھا۔ | سبز | نیلا | زرد | سُرخ |
| 9 | "جیوے جیوے پاکستان" کا تخلیق کار ہے۔ | جمیل الدین عالی | جوش ملیح آبادی | حفیظ جالندھری | احسان دانش |
| 10 | شاعر "مرزا محمود سرحدی" نے کس سڑک کا مضحکہ اڑایا ہے۔ | مال روڈ | مال گودام روڈ | طارق روڈ | بند روڈ |
| 11 | درست تلفظ ہے۔ | حِسَاب | حُسَاب | حَسَاب | حُسَاب |
| 12 | "قائد ملت" گرامر کی رو سے کیا ہے۔ | خطاب | لقب | تخلص | کنیت |
| 13 | درست تلفظ ہے۔ | اِسْلام | اِسلام | اُسْلام | اَسْلام |
| 14 | "چھری" گرامر کی رو سے کیا ہے۔ | اسم مکبر | اسم صوت | اسم آلہ | اسم ظرف مکاں |
| 15 | "ٹن ٹن" گرامر کی رو سے کیا ہے۔ | اسم آلہ | اسم صوت | اسم ظرف | ظرف زماں |

www.pakcity.org

1018 (جماعت دہم) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو لازمی (انشائیہ) (سیشن 2015-17 & 2016-18) سیکنڈری پارٹ (II)

وقت: 2.10 گھنٹے (گروپ پہلا) کل نمبر 60

## حصہ ---------------- اول

2۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجئے (حصہ نظم سے تین اور حصہ غزل سے دو اشعار) (10)

### (حصہ نظم)

(i) وہی خالق ہے دل کا اور دل کے نیک ارادوں کا ☆ وہی مالک ہمارا اور ہمارے باپ دادوں کا

(ii) ہے کوئی ، ہنگامہ تیری تربتِ خاموش میں ☆ پل رہی ہے ایک قومِ تازہ اس آغوش میں

(iii) لہر کھاتا ہے رگِ خاشاک میں جس کا لہو ☆ جس کے دل کی آنچ بن جاتی ہے سیل رنگ و بو

(iv) سوچتا رہتا ہوں کب میرے وظیفے کی طرح ☆ اس کی بدحالی کا آتا ہے حکومت کو خیال

### (حصہ غزل)

(v) جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے ☆ یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

(vi) بات یہ ہے کہ سکونِ دلِ وحشی کا مقام ☆ کنجِ زنداں بھی نہیں وسعتِ صحرا بھی نہیں

(vii) مل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا ☆ ٹوٹ کر دل ، اُسی سے ملتا ہے

## حصہ ---------------- دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ (5+5=10)

(الف) دراصل خود مرزا صاحب شہرت سے گھبراتے تھے اور پبلک پلیٹ فارم پر آنا پسند نہیں کرتے تھے۔ کام کرتے تھے ستائش کی تمنا اور صلے کی پروا سے بے نیاز ہوکر۔ کام کرتے تھے اپنی تسکین کے لیے۔ کام کرتے تھے اس لیے کہ انھیں کام کرنا ہوتا تھا۔ فرمائشی کام انھوں نے ساری عمر نہیں کیے۔ انھوں نے اب سے 55 سال پہلے سر عبدالقادر کے رسالے مخزن میں مضمون لکھے، مگر شیخ صاحب کی فرمائش پر نہیں۔

(ب) ایک دن نہ معلوم کیا بات ہوئی کہ شہد کی مکھیوں کی یورش ہوئی۔ سب مالی بھاگ بھاگ کر چھپ گئے۔ نام دیو کو خبر بھی نہ ہوئی کہ کیا ہو رہا ہے۔ وہ اپنے کام میں لگا رہا اُسے کیا معلوم تھا کہ قضا اس کے سر پر کھیل رہی ہے۔ مکھیوں کا غضب ناک جھلڑ اُس غریب پر ٹوٹ پڑا، اتنا کاٹا اتنا کاٹا کہ بے دم ہوگیا۔ آخر اسی میں جان دے دی۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے جوابات لکھیے۔ (10)

(i) مسلمانوں کی قومیت کی بنیاد کیا ہے؟

(ii) میر صاحب اور ان کی بیوی سیدانی بی کی کس بات پر زیادہ خوش تھے؟

(iii) چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لب لباب کیا تھا؟

(iv) نام دیو کی موت کا سبب کیا تھا؟

(v) حمد میں خالق کی کن مخلوقات کا ذکر کیا گیا ہے؟

(vi) میر انیس کے مطابق دریائے فرات کے پانی پر دھوپ کا کیا اثر ہوا؟

(vii) فراق گورکھپوری نے اپنی غزل میں سر اور دل میں کس چیز کی کمی کا ذکر کیا ہے؟

(viii) دہشت گردی سے معاشرتی زندگی کس طرح متاثر ہوتی ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) نظریہ پاکستان (ii) نام دیو مالی (05)

6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ (15)

(i) یوم آزادی (ii) ماں باپ کے ساتھ سلوک (iii) چڑیا گھر کی سیر

7۔ مندرجہ ذیل عبارت غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجئے۔ (10)

ملکہ کی اس دلدوز اور ولولہ انگیز تقریر سے سب امیروں، وزیروں کی رگِ حمیت بیدار ہوگئی اور سب نے تہیہ کرلیا کہ وطن کی حفاظت میں اپنے خون کا ایک ایک قطرہ نثار کردیں گے۔ شاہی فوج کی آمد کی خبریں برابر احمد نگر پہنچ رہی تھیں۔ چاند بی بی نے فوج کی ترتیب و تنظیم کا سارا اہتمام اپنے ہاتھ میں لیا۔ اور سارا انتظام مکمل کرکے دشمن کی آمد کا انتظار کرنے لگی۔ بالا آخر شاہی فوج آئی، احمد نگر پر حملہ کیا لیکن احمد نگر والوں نے شاہی فوج کا مقابلہ اتنی ہمت اور دلیری سے کیا کہ اُس کے دانت کھٹے ہوگئے۔

سوالات:- (i) ملکہ کی تقریر نے کیا اثر پیدا کیا؟ (ii) چاند بی بی نے احمد نگر کو بچانے کے لیے کیا تدابیر اختیار کیں؟

(iii) شاہی فوج کے حملے کا کیا انجام ہوا؟ (iv) فتح کس فوج کو حاصل ہوئی؟ (v) اس عبارت کا عنوان لکھیے۔



www.pakcity.org

1018 (جماعت نہم) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ رول نمبر..................

اردو لازمی (معروضی) سیکنڈری پارٹ (II) (سیشن 2015-17 & 2016-18) دستخط امیدوار..................

وقت 20 منٹ PAPER CODE 3026 (گروپ دوسرا) کل نمبر 15

نوٹ:۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کر کے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ______ وہ اسم ہے جو نہ خود کسی اسم سے بنا ہو اور نہ اس سے کوئی دوسرا اسم بنے۔ | اسم مشتق | اسم جامد | اسم مصدر | ان میں سے کوئی نہیں |
| 2 | صفت اصلی کے درجے ہیں۔ | چار | تین | دو | ایک |
| 3 | مرزا صاحب پنشن کا بڑا حصہ صرف کر دیتے تھے۔ | جائیداد خریدنے پر | خیرات کرنے میں | کتابوں پر | کھانے پینے پر |
| 4 | مسلم لیگ کس نے قائم کی؟ | سر سید احمد خاں | نواب محسن الملک | قائداعظم | نواب وقار الملک |
| 5 | سیدانی بی کو کھانے میں مرغوب تھا۔ | [illegible] | بونٹ پلاؤ | فیرنی | بریانی |
| 6 | چغل خور نے کیا بتایا کہ کوڑھی کا جسم ہو جاتا ہے؟ | نمکین | میٹھا | کھٹا | کڑوا |
| 7 | ڈاکٹر صاحب بڑے ______ آدمی تھے۔ | عالم | درویش | سیاسی | دانشور |
| 8 | مرزا غالب کو تفتہ کا خط کہاں سے آتا تھا؟ | کلکتہ | سکندر آباد | کول | آگرہ |
| 9 | مصنف کا دوست زیادہ بے تکلف اور شور مچانے والا ہے۔ | احمد مرزا | قرض خواہ دوست | شاکر صاحب | محمد تحسین |
| 10 | کائنات کا وجود اللہ تعالیٰ کے | احکامات کا نتیجہ ہے | چاہنے کا نتیجہ ہے | حرف کن کا نتیجہ ہے | ان سب کی وجہ سے |
| 11 | شاعر نے کس سڑک کا مضحکہ اڑایا ہے؟ | مال گودام روڈ | مال روڈ | بند روڈ | طارق روڈ |
| 12 | دل ٹوٹ کر کس سے ملتا ہے؟ | کج ادا سے | دلربا سے | خوش ادا سے | مل کے بھی جو نہیں ملتا |
| 13 | درست تلفظ والے لفظ کی نشاندہی کیجئے۔ | مِسَافِر | مُسَافِر | مُسَافَر | مَسَافِر |
| 14 | درست تلفظ والے لفظ کی نشاندہی درکار ہے۔ | اَفَضَل | اِفْضَل | اَفْضَل | اُفضَل |
| 15 | ماضی استمراری | وہ دوڑا | وہ دوڑتا تھا | وہ دوڑتا | ان میں سے کوئی نہیں |



www.pakcity.org

101؟ (جماعت دہم) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو لازمی (انشائیہ) (سیشن 2015-17 & 2016-18) سیکنڈری پارٹ (II)

وقت: 2.10 گھنٹے (گروپ دوسرا) کل نمبر 60

حصہ ---------------- اول

2۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجئے (حصہ نظم سے تین اور حصہ غزل سے دو اشعار) (10)

(حصہ نظم)

(i) نظام آسمانی ہے اُسی کی حکمرانی سے ☆ بہارِ جاودانی ہے اُسی کی باغبانی سے

(ii) جن کی تابانی میں اندازِ کہن بھی، نو بھی ہے ☆ اور تیرے کواکب تقدیر کا پر تو بھی ہے

(iii) سرنگوں رہتی ہیں جس سے قوتیں تخریب کی ☆ جس کے بوتے پر لچکتی ہے کمر تہذیب کی

(iv) سب محنت کش گلے ملے اور اُبھرا اِک پیغام ☆ اس پیغام کو سمجھو یہ ہے قدرت کا انعام

(حصہ غزل)

(v) مصیبت بھی راحت فزا ہوگئی ہے ☆ تری آرزو رہنما ہوگئی ہے

(vi) آج کیا بات ہے کہ پھولوں کا ☆ رنگ، تیری ہنسی سے ملتا ہے

(vii) یہ فخر تو حاصل ہے، برے ہیں کہ بھلے ہیں ☆ دو چار قدم ہم بھی ترے ساتھ چلے ہیں

حصہ ---------------- دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ (5+5=10)

(الف) ایسا معلوم ہوا کہ جیسے کوئی پالکی کے پاس بول رہا ہے۔ منہ نکال کر جو دیکھا تو بیگم کیا کہوں ایک بے چاکی شکل کا آدمی تھا۔ بکرے کا سا منہ، گھوڑے کی سی ٹانگیں اور پالکی آپ ہی آپ چلی جاتی تھی۔ نہ کہار تھے نہ کہاریاں۔ اب تو ڈر کے مارے میرا دم گھٹنے لگا۔ آنکھیں بند کرلیں اور کلمہ پڑھنے لگی۔ ڈھیر ہوکر رہ گئی۔ منٹ دو منٹ کے بعد پھر ہمت کی کہ اول مرنا، آخر مرنا پھر مرنے سے کیا ڈرنا اور للکار کر بولی: "ارے جواں مرگ، تو کون ہے جن یا بھوت؟

(ب) جیسے جیسے وہ بڑھتے اور پھولتے پھلتے اس کا دل بھی بڑھتا اور پھولتا تھا ان کو توانا اور ٹانٹا دیکھ کر اس کے چہرے پر خوشی کی لہر دوڑ جاتی کبھی کسی پودے میں اتفاق سے کیڑا لگ جاتا یا کوئی اور روگ پیدا ہوجاتا تو اسے بڑا فکر ہوتا۔ بازار سے دوائیں لاتا باغ کے داروغے یا مجھ سے کہہ کر منگاتا۔ دن بھر اسی میں لگا رہتا اور اس پودے کی ایسی سیوا کرتا۔ جیسے کوئی ہمدرد اور نیک دل ڈاکٹر اپنے عزیز بیمار کی کرتا ہے ہزار جتن کرتا اور اسے بچا لیتا۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے جوابات لکھیے۔ (10)

(i) اہل مغرب نے قومیت کی بنیاد کس پر رکھی ہے؟
(ii) چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لب لباب کیا تھا؟
(iii) گھر والوں نے عقیل کو ساتھ لے جانے کا مشورہ دیا تو اس پر لڑکی نے کیا جواب دیا؟
(iv) مصنف کے شریک سفر دوستوں کے نام تحریر کیجئے۔
(v) مشکل حالات میں کیا رویہ اپنانا چاہیے؟
(vi) شاعری میں میر انیس کی وجہ شہرت کیا ہے؟
(vii) دل کے کنول اور چراغوں میں کیا بنیادی فرق ہے؟
(viii) شاعر نے سر اور دل میں کس چیز کی کمی کا ذکر کیا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) پرستان کی شہزادی (ii) چغل خور (05)

6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ (15)

(i) زم ---زم (ii) تندرستی ہزار نعمت ہے (iii) والدین کی اطاعت

7۔ مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجئے۔ (10)

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیئے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے، نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اسلام نے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی رشتہ قائم کردیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا۔ بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا جس سے اچھا اور پیارا رشتہ کوئی نہیں۔

سوالات:- (i) اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟ (ii) کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟
(iii) اسلام میں ترکی کے مسلمان، چین کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز قائم ہوگا؟
(iv) کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر فوقیت حاصل ہے؟ (v) اس عبارت کا عنوان لکھیے۔



www.pakcity.org